تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتابچہ : سورۃ یٰسٓ (فضائل' بلاغت' اہم مضامین)
مرتبین : خلیل الرحمٰن چشتی' محمد خان منہاس
ضخامت : 64 صفحات ۔ قیمت: 50روپے
ملنے کا پتہ: ☆الفوزاکیڈمی' E-11/4 اسلام آباد
☆ادارہ منشورات اسلامی' بالمقابل منصورہ' ملتان روڈ لاہور

سورۃ یٰسٓ قرآن مجید کی ایک اہم سورت ہے جو ہمارے معاشرے میں مقبول و معروف ہے۔ اورادووظائف کی کتابوں میں اس کے فضائل مذکور ہیں۔ بہت سے لوگ اسے روزانہ پڑھتے ہیں۔ زیرتبصرہ کتابچے میں سورۃ یٰسٓ کا متن اور ترجمہ دیا گیا ہے۔ مزید برآں نہایت ہی مؤثر انداز میں مختلف عنوانات کے تحت اس کی خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔ یہ سورۃ یٰسٓ کی تفسیر نہیں بلکہ اس کے معانی و مطالب سمجھنے کے لیے اور غور وفکر کے لیے مختلف پہلوؤں کی وضاحت ہے۔ بتایا گیا ہے کہ اس سورت کا مرکزی مضمون اللہ کی طاقت' قدرت' اختیار اور غیر اللہ کی بے اختیاری اور بے بسی ہے۔

اس کے علاوہ چند دوسرے عنوانات اس طرح ہیں: سورۃ کی جلالی فضا' مخصوص استعارے' سورۃ کا نظمِ جلی' توحید کی اقسام' غیر اللہ کی بے اختیاری' مشرکین مکہ کے اعتراضات' منکرین کا انجام' تمام رسولوں کی دعوت اور ان کا ردّعمل' قرآن اور اس کی صفات' عقیدۂ آخرت اور سورۃ کی بلاغت۔

قرآن کریم کے الفاظ اور معانی پر غور وفکر کر کے حقیقت تک پہنچنے کی خواہش رکھنے والوں کے لیے یہ کتابچہ نہایت کارآمد اور مفید ہے۔ کتابچے کا ٹائٹل خوبصورت ہے۔ البتہ قیمت کچھ زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ اگر قیمت کم ہوتی تو اس کی افادیت سے زیادہ سے زیادہ لوگ فیض پا سکتے تھے۔